09۔بچوں کی اجمالی تعلیمی واخلاقی تربیت

10۔اسلامی معاشرت

11۔عربی زبان

اس ادارے کے تحت جامعہ بنوریہ عالمیہ کی طرف سے ایسے مبلغین فراہم کیے جاتے ہیں جو قریب کی فیکٹریز میں واقع مساجد میں درسِ قرآن وحدیث اور بنیادی دینی آگاہی فراہم کرتے ہیں۔

اس شعبے کے تحت جاری کورسز

تعلیم اطفال کورس

- ناظرہ قرآن مجید پڑھنے والے بچوں اور بچیوں کا نصاب
- ایک سالہ تعلیم بالغان کورس
- تعلیم النساء کورس

اہداف ومقاصد

قرآن مجید کی معیاری تعلیم کو عام کرنا

عصری تعلیم میں مشغول بچوں اور بچیوں کو بآسانی دینی تعلیم کی فراہمی

- مختصر وقت میں آسان اور عام فہم اسلوب میں دینی علوم کی نشر واشاعت
- سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں نسل نو کی فکری اور عملی تربیت
- اسلامی آداب واخلاق سے آراستہ ایک مثالی معاشرے کی تشکیل
- نسل نو کو عربی زبان سے آشنائی فراہم کرنے کی لگن

دارالقرآن
(DAR-UL-QURAN)

10

شعبہ تحفیظ القرآن (برائے ملکی طلبہ)
MEMORIZATION OF THE QURAN
NATIONAL STUDENTS

1.ناظرہ

اس شعبے میں 7 سال کے نئے بچوں کو داخلہ دیا جاتا ہے، جس میں انہیں نورانی قاعدہ، تجوید کے ساتھ ناظرہ قرآن مجید، روزمرہ کی دعائیں، بنیادی مسائل اور آداب کی تعلیم دی جاتی ہے، اس کے

ساتھ اسکول کی پرائمری تک درجہ بندی کے اعتبار سے تعلیم دی جاتی ہے،جس کا سرٹیفکیٹ بھی جاری کیا جاتا ہے،بچوں کے طعام اور قیام کی نگرانی تربیت یافتہ اساتذہ کرام کرتے ہیں۔

2. حفظ

شعبہ حفظ میں 8 سال تک کی عمر کے ان بچوں کو داخلہ دیا جاتا ہے جو ناظرہ قرآن مجید تجوید کے ساتھ پڑھ سکتے ہوں اور عصری تعلیم پرائمری تک حاصل کی ہو ،اس میں بچوں کو حفظِ قرآن مجید اور امامت و دیگر ضروری مسائل کی تعلیم کے ساتھ منتخب احادیث مع ترجمہ حفظ کروائی جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ کراچی بورڈ کے نصاب کے مطابق میٹرک تک عصری تعلیم دی جاتی ہے اور یہاں کے طلباء باقاعدہ بورڈ کے امتحانات میں شریک ہوتے ہیں۔ دارالقرآن میں تعلیم حاصل کرنے والے طلباء کے لئے الگ ہاسٹل موجود ہے جس میں انہیں قیام،طعام اور علاج و معالجے کی بہترین سہولیات فراہم کی جاتی ہیں۔

3. تجوید و قرأت

گردان مع تجوید و متشابہات

قرآن مجید کی تعلیم کے حوالے سے یہ شعبہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے،اس شعبے میں قرآن مجید کی تجوید کے ساتھ مکمل گردان کرانے کا اہتمام کیا جاتا ہے جس کے لیے ابتدائی طور پر ایک سپارے کی مشق کروائی جاتی ہے،جس میں ماہر قراء حضرات لحن جلی وخفی اور تجوید کی دیگر غلطیاں درست کرواتے ہیں اور مشق کی طرز پر قرآن مجید کا صحیح تلفظ سکھایا جاتا ہے،علاوہ ازیں قرآن مجید کے متشابہات کی مکمل نشاندہی کر کے انہیں یاد کرنے کے قواعد سکھائے جاتے ہیں تاکہ قرآن مجید درست تلفظ میں پڑھا جاسکے اور متشابہات کی وجہ سے آیات خلط ملط نہ ہوں، ابتدائی طور پر ایک سپارے کی بہترین مشق کے بعد اسی انداز اور ترتیب میں مکمل قرآن مجید کی گردان کروائی جاتی ہے۔

مشق ولہجہ

ابتدائی ایک سپارے میں تجوید کی مشق کے بعد قرآن مجید کی گردان ہی میں حدر (روانی کے ساتھ قرآن پڑھنے) کی مشق بھی کروائی جاتی ہے اور ساتھ ساتھ طالب علم کو حجازی اور عربی لہجے اور شوق رکھنے والے کو طلبہ کو قراءت سبعہ وعشرہ پر لانے کی کوشش کی جاتی ہے جس کے لئے انتہائی خوش الحان قرآء حضرات خدمات سرانجام دیتے ہیں اور مشق کے ساتھ طلبہ کے درمیان خوش الحانی کا مقابلہ بھی کروایا جاتا ہے، اس کورس میں قرآن مجید کے بنیادی قواعد کو سمجھانے اور عملی مشق کروانے کے لئے مندرجہ ذیل درسی کتب بھی پڑھائی جاتی ہیں:

- جمال القرآن
- فوائد مکیہ
- المقدمۃ الجزریہ

مسائل کورس برائے حفاظ طلبہ

سند یافتہ حفاظِ کرام معاشرے میں نمازِ تراویح پڑھانے اور امامت کروانے کے ساتھ جمعہ پڑھانے کا موقع میسر آتا ہے، اسی ضرورت کے پیشِ نظر شعبہ قرأت وتجوید کے ضمن میں ہی ایک مختصر مگر بے حد مفید نصاب پڑھانے کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں عبادات کے اہم اور بنیادی مسائل پڑھائے جاتے ہیں تاکہ حفاظ امامت کے لئے اہل ہوسکیں۔

11

تحفیظ القرآن (برائے طالبات)

MEMORIZATION OF QURAN FOR WOMEN

طالبات کے لئے بھی مستقل قاعدہ، ناظرہ، حفظِ قرآن اور تجوید کا شعبہ قائم ہے، اس شعبہ میں تمام عملہ معلمات پر مشتمل ہے جو چھوٹی بڑی بچیوں کو قرآن مجید کی تعلیم فراہم کرتا ہے ان تمام طالبات کو قرآن مجید کی تعلیم کے ساتھ ساتھ عصری تعلیم بھی دی جاتی ہے۔